CITY OF NEW YORK

# OATH

OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS

**Hearings Division**

**NYC کی خودمختار اور غیرجانبدار**
**انتظامی قانونی عدالت**

OATH Hearings Division ایک خودمختار قانونی عدالت ہے جو نیویارک کی نفاذی ایجنسیوں کی جانب سے جاری شدہ سمنز کے کیس سنتی اور ان پر فیصلہ دیتی ہے۔ OATH ان ایجنسیوں سے علیحدہ ہے جو سمنز جاری کرتی ہیں۔

## ہیلپ سنٹر (Help Center)

OATH Hearings Division کے تمام مقامات پر ایک ہیلپ سنٹر موجود ہے۔ ہیلپ سنٹر بغیر وکیل کے مدعا علیہان کی مدد کے لیے معاونت اور وسائل مہیا کرتا ہے۔ ہم بغیر وکیل کے لوگوں کی ان طریقوں سے مدد کرتے ہیں:

- اپنے خلاف الزامات کو سمجھنے میں۔
- اپنے قانونی حقوق کے متعلق جاننے میں۔
- OATH میں سارے طریقہ کار سے گزرنے میں۔
- سماعت پر اپنی نمائندگی کیسے کی جائے، کسی فیصلے کے خلاف اپیل کیسے کی جائے یا اگر آپ کی سماعت چھوٹ جاتی ہے تو کیا کیا جائے، ان سب باتوں کی سمجھ بوجھ حاصل کرنے میں۔
- قانونی وسائل تلاش کرنے میں جہاں سے مدعا علیہان اس قانون کے متعلق دیکھ سکتے ہیں جس کا ان کے کیس پر اطلاق ہوتا ہے۔

اپوائنٹمنٹ ضروری نہیں ہے۔ آپ اپنی سماعت کی تاریخ سے پہلے، سماعت کے دن یا سماعت کے بعد کسی بھی وقت تشریف لا سکتے/سکتی ہیں۔ آپ ہیلپ سنٹر سے اس ای میل ایڈریس پر رابطہ قائم کر سکتے/سکتی ہیں: HelpCenter@oath.nyc.gov

## Bronx

260 East 161st Street, 6th Floor
The Bronx, NY 10451
Monday – Friday
8:00am – 5:00pm

## Brooklyn

9 Bond Street, 6th & 7th Floor
Brooklyn, NY 11201
Monday – Friday
8:00am – 5:00pm

## Manhattan

66 John Street, 10th & 11th Floor
New York, NY 10038
Monday – Friday
8:00am – 5:00pm

## Staten Island

350 Marks Place, Main Floor
Staten Island, NY 10301
Monday – Friday
8:00am – 5:00pm

## Queens

31-00 47th Avenue, 3rd Floor
Long Island City, NY 11101
Monday – Friday
8:00am – 5:00pm

**1-844-OATH-NYC (1-844-628-4692)**

**Joni Kletter**
**Commissioner & Chief Administrative Law Judge**
**OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS**
**nyc.gov/oath**

## چھوٹی ہوئی سماعتیں

اگر آپ سماعت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے سمن کا جواب نہیں دیتے/دیتیں تو آپ کو بذریعہ ڈاک فیصلہ بھیج دیا جائے گا جو آپ کو ڈیفالٹ کے طور پر الزام کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دے گا اور آپ کو زیادہ جرمانہ بھرنا پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ کو ایسا فیصلہ ملتا ہے جو آپ کو ڈیفالٹ طور پر جرم کا مرتکب قرار دیتا ہے، تو آپ کے پاس دو آپشنز موجود ہوتی ہیں:

- جرمانہ اور کوئی اضافی جرمانے جو عائد کیے گئے ہو سکتے ہیں، ادا کریں۔

.............................. یا ..............................

- نئی سماعت کے لیے درخواست کریں۔

نئی سماعت کے لیے درخواست nyc.gov/oath/missedhearings پر دستیاب OATH کا *Request for a New Hearing After a Failure to Appear* (حاضر ہونے میں ناکامی پر نئی سماعت کے لیے درخواست) فارم استعمال کرتے ہوئے یا OATH Hearings Division کے تمام مقامات پر کی جا سکتی ہے۔ درخواست فارم بھرنے کی ہدایات فارم پر اور OATH کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

عام طور پر، آپ ڈیفالٹ کے حامل ہر سمن کے لیے صرف ایک بار نئی سماعت کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر نئی سماعت کی درخواست OATH Hearings Division کو سماعت چھوٹ جانے کے 60 دن کے اندر اندر موصول ہو جاتی ہے تو OATH آپ سے سماعت چھوٹ جانے کی وجہ جاننے کا تقاضہ کیے بغیر ویسے ہی درخواست مان لے گی۔

## آپ کی سماعت

اگر آپ کو سمن موصول ہوتے ہیں تو آپ OATH سماعت میں حاضر ہو کر الزامات کی صحت پر بحث کر سکتے/سکتی ہیں۔ سماعت آپ کے لیے ایک موقع ہوتا ہے کہ آپ کیس پر اپنا نقطہ نظر پیش کر سکیں۔

آپ کو وہ سب کچھ ہمراہ لانا چاہیئے جس کی آپ کو کیس ثابت کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے، بشمول گواہان، قانونی یا سرکاری ریکارڈ، تصویریں، اور دیگر دستاویزات کے۔ آپ کے کیس کی سماعت کرنے والا/والی Hearing Officer صرف انہیں ثبوتوں یا گواہوں کے بیانات کا جائزہ لے سکتا/سکتی ہے جو سماعت کے دوران پیش کیے جاتے ہیں۔

OATH کی سماعتیں غیر رسمی ہوتی ہیں۔ آپ اپنی نمائندگی خود ہی کر سکتے/سکتی ہیں یا اپنے خرچ پر کسی اٹارنی یا غیر اٹارنی نمائندے کی خدمات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

OATH تمام بذات خود حاضری والی اور بعید سماعتوں پر مفت فی الفور ترجمے کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

## سماعت دوبارہ سے طے کرنا

اگر آپ اپنی سماعت کی تاریخ تبدیل کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، تو سماعت کی طے شدہ تاریخ سے پہلے 1-844-628-4692 پر کال کریں، nyc.gov/oath/reschedule پر جائیں یا Hearings Division کے مقامات پر بذات خود حاضر ہوں۔ ہر فریق ایک مرتبہ سماعت دوبارہ سے طے کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

## اقرار/تصفیے

اگر آپ سماعت کے لیے حاضر نہیں ہونا چاہتے/چاہتیں اور آپ کے سمن میں میل-ان (mail-in) جرمانہ عائد کیا گیا ہے تو آپ سمن کو قبول کر سکتے/سکتی ہیں اور جرمانہ بذریعہ ڈاک، آن لائن یا بذات خود Hearings Division کے کسی بھی مقام پر ادا کر سکتے/سکتی ہیں۔ مزید برآں اگر نفاذی ایجنسی آپ کو کسی تصفیے کی پیشکش کرتی ہے تو آپ سماعت پر حاضر ہوئے بغیر تصفیہ قبول کر سکتے/سکتی ہیں۔

## بعید سماعت

کچھ اقسام کے سمنز کی صحت پر سماعت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے آن لائن، بذریعہ ڈاک، بذریعہ فون یا بذریعہ ویب کیم بحث کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کے سمنز پر "Must Appear"(«حاضری لازم ہے») لکھا ہوا ہو تو آپ کو اپنی سماعت پر بذات خود حاضر ہونا چاہیئے۔

**آن لائن سماعت آپ کو nyc.gov/oath/hearingonline پر ایک سادہ آن لائن فارم استعمال کرتے ہوئے سمن کا جواب دینے کی اجازت دیتی ہے۔ اگر آپ آن لائن سماعت کے/کی خواہش مند ہیں تو یہ فارم سماعت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے Hearings Division کے پاس جمع کروایا جانا چاہیئے۔**

**بذریعہ فون سماعت آپ کو Hearing Officer کو فون پر یہ بتا کر سمن کا جواب دینے کی اجازت دیتی ہے کہ آپ کیوں یہ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ سمن میں درج الزامات خارج کیے جانے چاہیئں۔ آپ سماعت کی طے شدہ تاریخ سے پہلے OATH Remote Hearings Unit کو (212) 436-0777 پر کال کر کے بذریعہ فون اپنی سماعت طے کر سکتے/سکتی ہیں۔**

**وڈیو (بذریعہ ویب کیم) سماعت آپ کو Hearing Officer کو بذریعہ وڈیو یا ویب کیم پر یہ بتا کر سمن کا جواب دینے کی اجازت دیتی ہے کہ آپ کیوں یہ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ سمن میں درج الزامات خارج کیے جانے چاہیئں۔ آپ سماعت کی طے شدہ تاریخ سے پہلے OATH Remote Hearings Unit کو (212) 436-0777 پر کال کر کے اپنی وڈیو سماعت طے کر سکتے/سکتی ہیں۔ وہ آپ کو بذریعہ ای میل سماعت کے لیے ایک لنک بھیجیں گے۔**

**سماعت بذریعہ ڈاک آپ کو تحریر شدہ دفاع بذریعہ عام ڈاک OATH Hearings Division کو بھیج کر سمن کا جواب دینے کی اجازت دیتی ہے۔ اگر آپ سماعت بذریعہ ڈاک کے/کی خواہش مند ہیں تو آپ کو اپنا دفاعی خط سمن میں درج تاریخ سے پہلے مندرجہ ذیل پتے پر بھیجنا چاہیئے۔ آپ اپنے کیس کی حمایت میں دیگر دستاویزات شامل کر سکتے/سکتی ہیں۔**

**OATH Remote Hearings Unit**
**66 John Street, 10th Floor**
**New York, NY 10038**

## سماعت کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنا

آپ کی سماعت کے بعد OATH Hearings Division آپ کو فیصلہ دے گی یا بذریعہ ڈاک بھیجے گی۔ اگر آپ فیصلے سے غیرمتفق ہیں تو آپ اپیل کر سکتے/سکتی ہیں۔

آپ کو اپنی اپیل جمع کروانے کے لیے nyc.gov/oath/appeal پر آن لائن موجود یا Hearings Division کے تمام مقامات پر دستیاب OATH کا اپیل فارم **ہی** استعمال کرنا چاہیئے۔ اپیل داخل کرنے کی ہدایات فارم پر اور OATH کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

OATH Hearings Division کو آپ کی اپیل فیصلے کی تاریخ سے 30 دن کے اندر، یا اگر آپ کو بذریعہ ڈاک فیصلہ بھیجا گیا تھا تو 35 دن کے اندر، **لازماً** مل جانی چاہیئے۔

## محتسب

محتسب OATH کے طریق ہائے کار کے متعلق سوالات کے جواب دے کر، تشویشات سے نمٹ کر، شکایات کا حل کر کے، اور OATH میں بہتری لانے کی تجاویز پر عمل درآمد کر کے، OATH کے فیصلہ دہی کے طریقہ کار میں عدل اور شفافیت کو یقینی بنانے کی جستجو کرتا ہے۔

محتسب سے کسی ہیلپ سنٹر کے مقام پر رک کر یا Ombudsperson@oath.nyc.gov پر ای میل کر کے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔